01.11.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... آسیہ میمونہ

Music

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت کا منتر ہے کہ ریاستوں کی ترقی سے ہی بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے چھتیس گڑھ قانون ساز اسمبلی کی نئی عمارت کا افتتاح کیا۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج 9 ریاستوں کے یومِ تاسیس پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔

☆ آندھرا پردیش کے Kashibugga میں Venkateswara سوامی مندر میں بھگدڑ سے 9 لوگوں کی موت ہوگئی ہے۔

☆ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آسیان اور اس میں شامل دیگر ملکوں کے وزرائے دفاع کی میٹنگ، بھارت کی مشرق نواز پالیسی اور وسیع تر بھارت بحرالکاہل ویژن کا ایک اہم حصہ ہے۔

☆ لکھنؤ کو، اُس کے شاندار اور انواع و اقسام کے کھانوں کی وراثت کے اعتراف میں یونیسکو کے فنِ طباخی میں تخلیقیت کے حامل شہروں میں شامل کیا گیا ہے۔

☆ ور بھارت نے، بحرین میں2025 ایشین یوتھ گیمز میں 48 تمغے جیت کر اب تک کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے............

PM - CHHATTISGARH VISIT

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے چھتیس گڑھ کے اپنے دورے کے دوران، آج نیا رائے پور میں برہما کُماریز کے شانتی شِکھر کا افتتاح کیا، جو روحانی تعلیم، دھیان اور سکون حاصل کرنے کا ایک جدید مرکز ہے۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نے کہا کہ ملک کی ترقی، ریاستوں کی ترقی سے مربوط ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسی منتر کے تحت حکومت، بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے پُرعزم ہے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ برہما کُماریز جیسی تنظیموں کا، اس مقصد کے حصول میں نمایاں رول ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ مرکز باتوں کے بجائے معاشرے کی خدمت پر یقین رکھتا ہے۔ انہوں نے

یقین ظاہر کیا کہ یہ مرکز آنے والے وقت میں عالمی امن کیلئے بامعنی کوششوں کا ایک اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔

SB - PM on Shanti Shikhar Academy

اس سے قبل، وزیرِ اعظم نے نیا رائے پور میں شری ستیہ سائی سَنجیونی اسپتال کا معائنہ کیا، جہاں انہوں نے ''دل کی بات'' پروگرام کے تحت تقریباً ڈھائی ہزار بچوں سے بات چیت کی۔ یہ بچے پیدائشی طور پر دِل کی بیماریوں میں مبتلا تھے، جن کا علاج اِس اسپتال میں مفت اور کامیابی سے کیا گیا ہے۔ اس موقع پر وزیرِ اعظم نے بچوں کو ''گفٹ آف لائف'' سرٹیفکیٹس سے بھی نوازا۔ رائے پور میں اپنے قیام کے دوران، وزیرِ اعظم آج چھتیس گڑھ ریاستی اسمبلی کی نئی عمارت کا افتتاح بھی کریں گے اور اس کے احاطے میں سابق وزیرِ اعظم اور بھارت رتن آنجہانی اٹل بہاری واجپئی کے مجسمے کی نقاب کشائی کریں گے۔x

PREZ STATE FROMATION DAYS

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج 9 ریاستوں، آندھرا پردیش، چھتیس گڑھ، ہریانہ، کرناٹک، کیرالہ، لکشدیپ، مدھیہ پردیش، پنجاب اور پدوچیری کے یوم تاسیس کے موقع پر وہاں کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ ان میں سے ہر خطے نے ملک کی ترقی میں نمایاں تعاون کیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی تمنا کی یہ ریاستیں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے اپنی ترقی کے سفر میں نئی منزلیں طے کرتے رہیں۔ صدر جمہوریہ نے ان ریاستوں کے لوگوں کی خوشحالی اور بہبود کیلئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔x

BIHAR ELECTION

بہار میں سیاسی پارٹیاں پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے آخری کوششیں کررہی ہیں۔ پہلے مرحلے کی پولنگ، اِس مہینے کی 6 تاریخ کو ہوگی۔ NDA اور مہاگٹھ بندھن کے رہنما ایک دوسرے پر الزام عائد کررہے ہیں اور اپنے امیدواروں کی حمایت کیلئے ریلیاں کررہے ہیں۔ لوک جَن شکتی پارٹی (رام ولاس) کے صدر اور مرکزی وزیر چراغ پاسوان نے کہا کہ ہر جگہ NDA کی لہر ہے اور اِس مرتبہ بھی NDA کی سرکار بنے گی۔ انہوں نے کہا کہ مہاگٹھ بندھن منقسم ہے، جبکہ NDA متحد ہے۔

SB - Chirag Paswan

پٹنہ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے، BJP کے رکنِ پارلیمنٹ منوج تیواری نے اعتماد ظاہر کیا کہ NDA اتحاد، بہار میں سرکار بنائے گا۔ انہوں نے RJD اور کانگریس کی قیادت والے مہاگٹھ بندھن پر مجرموں کی حمایت کرنے کا الزام لگایا۔

SB - Manoj Tiwari

دوسری طرف CPI کے جنرل سکریٹری ڈی راجہ نے کہا کہ مہا گٹھ بندھن کو بہار کی عوام کی جانب سے زبردست حمایت حاصل ہورہی ہے اور وہ بہار میں ضرور سرکار بنائیں گے۔

BIHAR CAMPAIGNING

بہار کے بیشتر علاقوں میں بارش اور تیز ہواؤں کے سبب آسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم آج بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ کئی جگہوں پر NDA اور مہاگٹھ بندھن دونوں اتحاد کی سرکردہ شخصیات اور سینئر رہنماؤں کی ریلیاں نہیں ہوسکیں۔ خراب موسم کی وجہ سے ہیلی کاپٹر اڑان نہیں بھر سکا، جس کی وجہ سے سرکردہ شخصیات کو آسمبلی حلقوں میں پہنچنا دشوار ہوگیا۔

اس دوران وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار، جن سوراج پارٹی کے رہنما پرشانت کشور اور دیگر اہم لیڈران چناؤ والے حلقوں میں روڈ شوز کررہے ہیں۔ BJP کے سینئر رہنما امت شاہ کی گوپال گنج میں مجوزہ ریلی وقت پر شروع نہیں ہوسکی۔ جناب شاہ سمستی پور اور ویشالی ضلعوں میں ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ BJP کے صدر جے پی نڈا اور آج مظفر پور میں ریلی سے خطاب کریں گے۔ مہاگٹھ بندھن کے وزیرِ اعلیٰ کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو مظفر پور ، گوپال گنج، سیوان ، سارَن اور ویشالی ضلعوں میں ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ x

AP-STAMPED

آندھرا پردیش کے سری کاکولم ضلع کے Kashibugga میں واقع سری Venkateswara سوامی مندر میں بھگدڑ سے 9 لوگوں کی موت ہوگئی ہے۔ یہ حادثہ Ekadashi کے دوران پیش آیا، جب مندر میں درشن کیلئے کثیر تعداد میں عقیدتمند جمع ہوگئے۔ خبروں کے مطابق ایک ریلنگ مہندم ہوگئی، جس کی وجہ سے لوگ گر پڑے اور بھگدڑ مچ گئی۔ بتایا جارہا ہے کہ حادثے کے مہلوکین آس پاس کے علاقے Palasa اور Kashibugga کے رہنے والے ہیں۔ زخمیوں کو علاج کیلئے قریبی اسپتالوں میں داخل کرایا گیا ہے۔ آندھرا پردیش کے وزیرِ اعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو نے اِس المناک حادثے پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔ x

RAJNATH ASEAM MEETING

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج کہا ہے کہ بھارت، آسیان اور اس کے شراکت دار ملکوں کے ساتھ اپنے دفاعی اشتراک کو علاقائی امن، استحکام اور صلاحیت سازی کیلئے تعاون کے طور پر دیکھتا ہے۔ جناب سنگھ ملیشیا کے شہر کوالالپور میں آسیان کے وزرائے دفاع کی 12 ویں میٹنگ Plus (ADMM-Plus) میں اظہار خیال کررہے تھے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ADMM-Plus، بھارت کی مشرق نواز پالیسی اور اس کے وسیع تر بھارت-بحرالکاہل ویژن کا ایک اہم حصہ ہے۔ وزیر دفاع نے اس بات کو بھی نمایاں کیا کہ بھارت کے، بھارت-بحرالکاہل سیکیورٹی ویژن کا دفاعی اشتراک کو اقتصادی ترقی، ٹیکنالوجی کے تبادلے اور انسانی وسائل کے فروغ سے جوڑتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سیکیورٹی، نشوونما اور استحکام کے درمیان مستحکم تعلق سے بھارت اور آسیان کے درمیان ساجھیداری کے حقیقی جذبے کی عکاسی ہوتی ہے۔

S/B Rajnath Singh

JAISHANKAR-UK

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت-برطانیہ تعلقات کا ارتقاء، ایک پیچیدہ تاریخی میل ملاپ سے ہو کر، ایک فعال اور امید افزاء شراکت داری تک ہوا ہے۔ کل قومی راجدھانی میں برطانیہ کے قومی دن کی تقریبات کے دوران اپنے خطاب میں ڈاکٹر جے شنکر نے خاص طور پر کہا کہ دونوں ملکوں نے نہ صرف ٹکنالوجی سے متعلق سلامتی کے اقدامات کے تحت تعاون کیا ہے، بلکہ اِس میں کنیکٹی وِٹی، AI اور اہم معدنیات کے میدانوں میں بھی گہرائی پیدا کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ برطانیہ کی 9 سرکردہ یونیورسٹیوں کو، بھارت میں کیمپس قائم کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔x

UNESCO-LUCKNOW

لکھنؤ کو، اس کے قدیم اور انواع و اقسام کے کھانوں کی وراثت کے سبب یونیسکو کے تخلیقیت کے حامل شہروں کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ لکھنؤ شہر کو فنِ طباخی کے زمرے میں تسلیم کیا گیا ہے۔ یہ اعلان ازبکستان کے شہر سمرقند میں، یونیسکو کی جنرل کانفرنس کے 43ویں اجلاس میں کیا گیا۔ اس اعزاز کے ساتھ لکھنؤ کو، دنیا کے فنِ طباخی زمرے کے 70 شہروں میں شامل کیا گیا ہے۔ لکھنؤ یہ اعزاز حاصل کرنے والا حیدر آباد کے بعد دوسرا بھارتی شہر بن گیا ہے۔ اترپردیش کے سیاحت و ثقافت کے وزیر جے ویر سنگھ نے یونیسکو کے اس فیصلے کا خیرمقدم کیا ہے۔x

ASIAN YOUTH GAMES

بھارت نے بحرین کے شہر منامہ میں منعقدہ ایشین یوتھ گیمز-2025 میں اب تک کی اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اس نے سونے کے 13، چاندی کے 18 اور کانسے کے 17 تمغوں سمیت 48 تمغے جیتے ہیں۔ اس طرح بھارت نے 2009 اور 2013 کے ایشین یوتھ گیمز میں اپنی کارکردگی کو مزید بہتر کیا ہے۔ ان گیمز میں بھارت کے 222 اَتھلیٹس نے حصہ لیا۔ لڑکیوں کی کبڈی ٹیم نے بھارت کیلئے سونے کا پہلا تمغہ جیتا۔

Priteesmita-Bhoi نے ویٹ لفٹنگ میں یوتھ ورلڈ ریکارڈ قائم کیا ہے۔ گیمز کے آخری دن بھارت نے مکے بازی اور پیچ کشتی مقابلوں میں سونے کے سات تمغے حاصل کئے۔ اس کے ساتھ ہی بھارت نے نوجوانوں کے کھیل کود مقابلوں میں ایک تاریخی سنگ میل قائم کرتے ہوئے، مغربی افریقی ملک سینیگال کے شہر Dakar میں 2026 میں ہونے والے یوتھ اولمپکس کیلئے بھی کوالیفائی کرلیا ہے۔x

BADMINTON HYLO OPEN

بیڈمنٹن میں، Unnati Hooda جرمنی کے شہر زاربروکن میں منعقدہ Hylo اوپن سُپر 500 ٹورنامنٹ کے خواتین سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ Unnati نے کوارٹر فائنل مقابلے میں چینی تاپئے کی چوتھے درجے کی کھلاڑی Lin

Hsiang-Ti کو بائیس - بیس، اکیس-تیرہ سے ہرایا۔ سیمی فائنل میں اب اُن کا مقابلہ انڈونیشیا کی سرکردہ کھلاڑی Putri Kusuma Wardani سے ہوگا۔x

AVIATION CROPS-RAISING DAY

بھارتی فوج کا ہوا بازی کا کور آج اپنا 40 واں یوم تاسیس منا رہا ہے۔ آرمی Aviation کور کے ڈائریکٹر جنرل اور کرنل کمانڈنٹ، لیفٹیننٹ جنرل ونود نامبیار نے افسران، جونیئر افسران، سابق فوجیوں اور ان کے اہل خانہ کو اس موقع پر مبارکباد دی ہے۔ آکاشوانی پر اپنے ایک خصوصی پیغام میں لیفٹیننٹ جنرل ونود نامبیار نے کہا کہ پچھلی چار دہائیوں میں آرمی Aviation ایک بہت ہی طاقتور اور ناگزیر جنگی قوت بن کر ابھری ہے، جو پیشہ ورانہ مہارت، درستگی اور حوصلے سے لیس ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کور نے ٹیکنیکل فضائی مدد، مشکل گزار علاقوں میں کارروائی اور میدان جنگ میں نقل وحرکت میں اہم رول ادا کیا ہے، جو بھارتی فوج میں چستی اور جدت کی علامت ہے۔x

PUDUCHERRY LIBERATION DAY

مرکز کے زیر انتظام علاقے پدوچیری میں آج حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ پدوچیری کا یوم آزادی منایا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ N.Rangasamy نے اس موقع پر Beach روڈ پر منعقدہ ایک تقریب میں قومی پرچم پھہرایا اور پولیس عملے نے انہیں Ceremonial Salute پیش کیا۔ یکم نومبر کو پدوچیری کا یوم آزادی منایا جاتا ہے۔ اس دن 1954 میں 300 سال پہلے پدوچیری فرانسیسی اقتدار سے آزاد ہوا تھا۔x

GST-TAMIL NADU

وزیر اعظم نریندر مودی کا اعلان کردہ GST بچت اُتسو، جو پچھلے مہینے کی 22 تاریخ کو شروع ہوا، معاشرے کے سبھی طبقے کو فائدہ پہنچا رہا ہے۔ اس کے تحت کئی شعبوں میں GST کی شرحوں میں کمی کی گئی ہے۔ آج ہمارے نامہ نگار ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں کہ اگلے سلسلے کی GST اصلاحات نے تمل ناڈو کی معیشت کو کس طرح تقویت پہنچائی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ VC - Bhanu

اگلے سلسلے کی GST اصلاحات سے تمل ناڈو کے دستکاروں، صنعتوں اور برآمد کاروں کو زبردست فروغ حاصل ہوا ہے۔ ٹیکسٹائل کے شعبے میں مشہور Tiruppur Knitwear، کانچی پورم Silk اور جی آئی ٹیگ والی دیگر دست کاری مصنوعات پر ٹیکس کی شرح کم کر کے 5 فیصد کر دی گئی ہے۔ اسی طرح ریاست کی ہنر مندی کی حامل دستکاری مصنوعات جیسے Swamimalai کانسے کے مجسمے، پیتل، پتھر اور لکڑی کی کاریگری پر بھی GST کی شرح 5 فیصد کر دی گئی ہے، جس سے یہ صنعت زیادہ

مقابلہ جاتی بن گئی ہے اور روزگار کے مواقع میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ زَری پر GST کی شرح 12 فیصد سے کم کرکے 5 فیصد کرنے سے ریاست کی مشہور کانچی پورم ساڑیاں مزید سستی ہوگئی ہیں۔ اسی طرح مچھلی اور سمندری غذا پر GST کی شرح کو 5 فیصد کر دیا گیا ہے، جس سے ریاست میں بڑے پیمانے پر ماہی گیر آبادی کو فائدہ ہو رہا ہے۔ اس قدم سے چھوٹے پروسیسرز اور برآمد کاروں کو بھی مدد ملی ہے۔ GST میں نئی اصلاحات سے تمل ناڈو کے گھریلو صارفین اور صنعتوں دونوں کیلئے اخراجات میں کمی آئی ہے۔ یہ اصلاحات دیہی روزگار کو مضبوط بنا رہی ہیں اور ریاست کی حیثیت کو ایک صنعتی مرکز کے طور پر مزید مستحکم کر رہی ہیں۔

نئی دلّی سے Bhanu کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں ...

NAIDU-CRECHE

شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے نئی دلّی کے اڑان بھون میں Creche کی سہولت کا افتتاح کیا۔ شہری ہوا بازی کے وزیر نے کہا کہ زیادہ شمولیت والے، مددگار اور ملازمین کے موافق کام کی جگہ تشکیل دینے کی سمت میں یہ ایک اہم قدم ہے۔ یہ Creche چھ ماہ سے لے کر چھ سال تک کے بچوں کی روزانہ کی دیکھ بھال کرنے کیلئے ہر طرح کے آلات سے لیس ہے۔×

HOCKEY GOALKEEPER

بھارت کے ہاکی کے سابق گول کیپر Manuel Frederick کا 78 برس کی عمر میں انتقال ہوگیا ہے۔ وہ کیرالہ کے ضلع کنور سے تعلق رکھتے تھے اور ریاست کے پہلے ایتھلیٹ تھے، جنہوں نے اولمپک کھیلوں میں تمغہ جیتا۔ ان کے اس ریکارڈ کو بعد میں پی آر سری جیش نے 2021 میں برابر کیا۔ 2019 میں انہیں دھیان چند لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازا گیا۔ Frederick کو بھارت کے بہترین گول کیپروں میں شمار کیا جاتا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆